© rasailojaraid.com



# (مرحبا رمضان المبارک)

قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)

| | | |
|---|---|---|
| ارے مومنو! خوش ہو جاؤ | ☆ | قریب ماہِ صیام آ رہا ہے |
| اتر رہی ہیں رحمت کی گھٹائیں | ☆ | پڑھو رب کا پیغام آ رہا ہے |
| اس کی آمد سعادت مسلمانو | ☆ | فضل رب سر عام آ رہا ہے |
| الف شہر سے افضل ہے اک رات | ☆ | بڑا رب کا انعام آ رہا ہے |
| اس رات اتری وحی الٰہی | ☆ | قرآن و سید الکلام آ رہا ہے |
| ملتے ہیں رحمتوں کے خزینے | ☆ | مغفرت کا پیغام آ رہا ہے |
| مومنو! رب سے مانگو دعائیں | ☆ | مداوا رنج و آلام آ رہا ہے |
| اے صائم تیرے لئے ہے جنت | ☆ | مژدہ یہ صبح و شام آ رہا ہے |
| بند جہنم کے دروازے ہو گئے | ☆ | کہ ماہ احترام آ رہا ہے |
| تاجؔ ہر دن ہے برکت ہی برکت | ☆ | پیارا ماہِ صیام آ رہا ہے |

## اظہار تعزیت

جماعتی حلقوں میں یہ خبر انتہائی افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ مولانا محمد داؤد لائبریرین جامعہ سلفیہ کے بڑے بھائی مسعود احمد مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی نماز جنازہ جامعہ سلفیہ کے شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی نے پڑھائی جس میں جامعہ سلفیہ کے اساتذہ وطلباء کے علاوہ علاقہ بھر سے ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔ جامعہ سلفیہ کے اساتذہ وطلباء نے پسماندگان خصوصاً مولانا محمد داؤد صاحب سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

© rasailojaraid.com